خطبات خواجہ شمس الدین عظیمی

ACD 56

Track - 4

''سوال جواب''

یہ ایک صاحب سوال کرتے ہیں کہ جب کوئی آدمی کسی مشکل میں پھنس جاتا ہے تو پیر و مرشد کو مدد کے لئے سوال کرتا ہے تو کتابوں میں یہ لکھا ہوا ہے کہ پیر و مرشد جو ہیں اس کی مدد کرتے ہیںتو یہ کیسے مدد کرتے ہیں کیا ؟

جواب: پہلی بات یہ آپ سمجھنے کی ہے کہ اس میں بہت سارے لوگوں کو مغالطہ ہے مطلب یہ ہے ایسا ہے کوئی پیرو مرشد کو نہیں مانتا کہ سب بدعت ہے سب یہ ہے وہ ہے۔وہ کہتے ہیں کہ جی جو کچھ ہے سب اللہ ہے۔اللہ سے مانگو کسی وسیلے سے مت مانگو۔اب سوال یہ ہے۔